58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 116 | صفحات: 08 | ۲۸ اپریل ۲۰۲۶ بروز منگلوار بمطابق ۱۰ ذوالقعدۃ ۱۴۴۷ | Tuesday 28th April 2026 | جلد نمبر 58



## ٹام لیتھم انجری کا شکار

نیوزی لینڈ کے کپتان ٹام لیتھم انجری کے باعث بنگلادیش کے خلاف پہلے ٹی ۲۰ میچ سے باہر ہو گئے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق ٹریننگ سیشن کے دوران ٹام لیتھم کے پاؤں کے انگوٹھے پر بال لگی ہے۔ ٹام لیتھم کی عدم موجودگی میں نک کیلی آج کھیلے جانے والے میچ میں نیوزی لینڈ ٹیم کی قیادت کریں گے۔ (تفصیلات اندر)




## لکشیہ سین نے برتری دلائی

سابق چیمپئن ہندوستان نے پیر کے روز تھامس کپ کے گروپ اے میں آسٹریلیا کو ۵-۰ سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔ آسٹریلیا کے خلاف میچ میں صرف ایک تبدیلی کی۔ ہندوستانی کھلاڑیوں نے آغاز سے ہی اپنا تسلط برقرار رکھا۔ لکشیہ سین نے ایفریم اسٹیفن سیم کو ۲۱-۱۴، ۲۱-۱۶ سے ہرا کر ہندوستان کو ۱-۰ کی برتری دلائی۔ (تفصیلات اندر)

## گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں توڑ پھوڑ کا معاملہ

## پولیس اسٹیشن اننت ناگ کے ایک تفتیشی افسر (IO) کو معطل کردیا گیا

اننت ناگ/ اننت ناگ پولیس نے گزشتہ ہفتے گورنمنٹ میڈیکل کالج (جی ایم سی) اننت ناگ میں توڑ پھوڑ کی تحقیقات کے دوران لازمی طریقہ کار پر عمل کرنے میں ناکام رہنے پر پولیس اسٹیشن اننت ناگ کے ایک تفتیشی افسر (IO) کو پیر کو معطل کر دیا۔ اننت ناگ پولیس نے ٹویٹ کیا "ایس ایس پی اننت ناگ نے سخت کارروائی کی جب تفتیشی افسر (آئی او) ایف آئی آر 118/2026 میں گرفتاری کے لازمی طریقہ کار پر عمل کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ اننت ناگ پولیس مناسب کارروائی کے لیے پابند ہے،" تفتیش کے دوران، طبی غفلت کے مشتبہ کیس میں خاتون کی ہلاکت کے بعد ہسپتال میں توڑ پھوڑ میں ملوث ہونے کے الزام میں چار افراد کو گرفتار کیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ انہیں بعد میں ثبوت کی کمی کی وجہ سے ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ بجبہاڑہ کے سری گفوارہ گاؤں کی رہنے والی خاتون کو دل کا دورہ پڑا تھا۔/1



## لداخ میں 5 نئے اضلاع کے قیام کی منظوری، تعداد 7 ہوگئی

## عوام کی دیرینہ مانگ کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم قدم/ لیفٹیننٹ گورنر



سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی زیر انتظام خطہ لداخ میں ایک اہم انتظامی پیش رفت کے تحت لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ نے پیر کے روز پانچ نئے اضلاع کے قیام کی منظوری دے دی ہے، جسے انہوں نے خطے کے لیے ایک "تاریخی دن" قرار دیا۔ اس فیصلے کے بعد لداخ میں اضلاع کی مجموعی تعداد بڑھ کر سات ہوگئی ہے۔ ایل جی سکسینہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ نئے اضلاع کا قیام لداخ کے عوام کی دیرینہ مانگ کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ نئے اضلاع میں نوبرا، شام، چانگتھنگ، زنسکار اور دراس شامل ہیں، جبکہ اس سے قبل لداخ میں صرف لیہہ اور کرگل دو ہی اضلاع تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ترقی یافتہ اور خوشحال لداخ کے وژن کے عین مطابق ہے۔ ایل جی کے مطابق وزارت داخلہ نے اس فیصلے کو اگست 2024 میں ہی منظوری دے دی تھی، جسے وزیر داخلہ امیت شاہ کی قیادت میں عملی جامہ پہنایا گیا۔ حکام کے مطابق نئے اضلاع کے قیام سے انتظامیہ کو نچلی سطح تک مضبوط بنانے، اختیارات کی تقسیم کو فروغ دینے اور دور دراز علاقوں میں سرکاری خدمات کی فراہمی کو تیز کرنے میں مدد ملے گی۔

## قاضی گنڈ سڑک حادثہ، تین اسکولی طالبات زخمی، ڈرائیور گرفتار

قاضی گنڈ/ جنوبی کشمیر کے کولگام ضلع کے قاضی گنڈ علاقے میں پیر کو ایک سڑک حادثے میں کم از کم تین اسکولی لڑکیاں زخمی ہوگئیں۔ زخمیوں کی شناخت فاطمہ جان اور تہمینہ جان بیٹیاں محمد الطاف پارے ساکنہ شمپورہ اور عالیہ جان بیٹی محمد الطاف زاہد ساکنہ سلیالو کے طور پر ہوئی ہے۔ فاطمہ جان کو شدید چوٹیں آئیں جبکہ دیگر دو کو معمولی چوٹیں آئیں۔ تمام زخمیوں کو علاج کے لیے ایمرجنسی اسپتال قاضی گنڈ منتقل کیا گیا۔ ملزم ڈرائیور، جو موقع سے فرار ہوگیا تھا، ہٹ اینڈ رن کیس کو فوری طور پر حل کرتے ہوئے ایک گھنٹے کے اندر گرفتار کرلیا گیا۔

## سیاست میں تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے/ عمر عبداللہ

## واشنگٹن (امریکہ) فائرنگ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت

سرینگر/ اے پی آئی/ سیاست میں تشدد کیلئے کوئی جگہ نہ ہونے کا عندیہ دیتے ہوئے جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ نے واشنگٹن فائرنگ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے امریکی صدر کے بال بال ان کے محفوظ رہنے پر خدا کا شکر ادا کیا۔ ادھر وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر میں نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیلئے سٹاٹ اپ پروگرام کو اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر میں یہ پروگرام دیر سے ہی شروع ہوا تاہم بجٹ میں اب اس کیلئے رقومات مختص کی گئی ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے واشنگٹن میں فائرنگ واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاست میں تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے تقریب کے حاشیے پر ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ خدا کا شکر ہے کہ امریکی صدر اور ان کے ساتھی اس حملے میں محفوظ رہے۔ عمر عبداللہ نے سیاست کو انتہائی گندا عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اختلافات کا اظہار جمہوری اور پرامن طریقے سے ہونا چاہیے، نہ کہ تشدد کے/2

## پانچ روز بعد جہلم سے لاش برآمد

## شناخت محمد قریش اُتر پردیش

سرینگر/ یو این ایس/ دریائے جہلم میں چھلانگ لگانے والے اتر پردیش کے ایک نوجوان کی لاش پانچ روزہ طویل تلاش کے بعد پیر کے روز سرینگر کے علاقے زینہ کدل سے برآمد کرلی گئی۔ حکام کے مطابق ایس ڈی آر ایف کی کوئیک ریسپانس ٹیموں نے پیر کی صبح ایک منظم آپریشن کے دوران لاش کو دریا سے نکالا۔ مہلوک کی شناخت محمد قریش صدیقی (18) ولد محمد نواب صدیقی، ساکن اتر پردیش کے طور پر ہوئی ہے۔

## رکن اسمبلی معراج ملک کے خلاف

## PSA منسوخ، ہائی کورٹ کا فیصلہ



سرینگر/ جموں وکشمیر اور لداخ کی ہائی کورٹ نے پیر کو عام آدمی پارٹی (عآپ) سینئر لیڈر اور ممبر اسمبلی ڈوڈہ معراج ملک کے خلاف پبلک سیفٹی ایکٹ (PSA) کو منسوخ کر دیا اور انہیں فوری طور پر رہائی کا حکم دیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق معراج ملک جو AAP کی جموں وکشمیر/3

## منشیات کے ناسور کے خلاف متحد ہو کر لڑنا ہوگا/ LG

## لیفٹیننٹ گورنر کی اُدھم پور میں ''نشہ مُکت جموں وکشمیر'' مہم کی پدیاترا میں شرکت

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے پیر کے روز کہا، ''منشیات کے خلاف جنگ میں اتحاد ہمارا ڈھال اور عزم ہمارا ہتھیار ہوگا۔ آیئے ہم ایک ایسے جموں وکشمیر کی تشکیل کا عہد کریں جہاں نوجوان آزادانہ اپنی تقدیر سنواریں، کنبے محفوظ اور متحد رہیں، معاشرے مضبوطی سے پھلیں پھولیں اور اُمنگیں نئے سرے سے روشن ہوں۔ ہم اَپنے نوجوانوں اور اَپنے مستقبل کے لئے اٹل کھڑے ہیں۔'' اُنہوں نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خلاف جنگ تمام تر اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد کا تقاضا کرتی ہے۔ جموں وکشمیر کے شہری ہونے کے ناطے ہمیں اَپنے نوجوانوں کی حفاظت، کنبوں کی مضبوطی اور خوشحالی کو محفوظ بنانے کے لئے اَپنے مشترکہ فرض کے پابند ہونے کا عہد کرنا چاہیے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے اودھمپور میں 'نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان' کے تحت منعقدہ پدیاترا میں ہزاروں شہریوں کے ساتھ شرکت کی۔ اُنہوں نے اِس موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 'نشہ مُکت جموں وکشمیر ابھیان' منشیات کے خلاف ہماری مشترکہ جنگ ہے اور ہمیں مل کر اس جنگ میں کامیابی حاصل کرنی ہوگی۔ اُنہوں نے کہا، ''جموں کشمیر اَب منشیات کا ناسور کو مسترد کرنے کے لئے نئی قوت کے ساتھ اُبھر رہا ہے جو ہمارے معاشرے کو خراب اور کھوکھلا کر رہا ہے۔ ہم اَپنے نوجوانوں کو اس کی گرفت سے بچانے کا عہد کرتے ہیں۔ میں لوگوں کو یقین دِلاتا ہوں کہ ہماری سرزمین کی روح کو دبایا نہیں جائے گا۔ یہ معاشرے کو بیدار کرنے، منشیات کے ناسور کے خلاف متحد ہو کر لڑنے اور جدوجہد اور کامیابی کا وقت ہے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ کوئی ایک اتھارٹی تنہا اس منشیات کے ناسور کے خلاف جنگ نہیں لڑ سکتی بلکہ اس کا جذبہ ہر دِل میں بیدار ہونا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا، ''اودھمپور کے ہر گاؤں، بستی اور شہر کو مزاحمت کا قلعہ بننا چاہیے اور ہر گھر کو چوکس مورچے کے طور پر کھڑا ہونا چاہیے۔ میں ہر شہری سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اِس مقصد کے لئے ایک سپاہی بن کر آگے آئے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ معاشرے کے ہر طبقے کو 'نشہ مُکت جموں وکشمیر ابھیان' کے جذبے کو اَپنانا چاہیے تاکہ تاریخ یہ درج کرے کہ 27 اپریل کو اودھمپور میں اُمید، اِتحاد اور/4



## بین ریاستی لشکر طیبہ ماڈیول کیس NIA نے سنبھالا

سرینگر/ کے این ایس/ قومی تحقیقاتی ایجنسی نے حال ہی میں ایک بین ریاستی لشکر طیبہ (ایل ای ٹی) کے دہشت گردی کے ماڈیول کا پتہ لگانے سے متعلق کیس کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور پیر کو پوچھ گچھ کے لیے دو پاکستانی شہریوں سمیت پانچ گرفتار دہشت گردوں کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق 7 اپریل کو،/5

## مختلف چھاپوں کے دوران منشیات فروشی میں 7 گرفتار

## 100 روزہ نشہ مُکت ابھیان کے تحت پولیس کی طرف سے کارروائی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کو منشیات سے پاک بنانے کے لیے جاری 100 روزہ نشہ مُکت ابھیان کے تحت پولیس نے وادی کے مختلف اضلاع میں منشیات مخالف کارروائیوں کے دوران 7 منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں ممنوعہ مواد برآمد کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ کارروائیاں مسلسل اور جارحانہ مہم کا حصہ ہیں جو منشیات کے نیٹ ورک کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے جاری ہے۔ شالگام کراسنگ پر پولیس نے ایک آلٹو گاڑی (JK01W-7328) کو روک کر تلاشی لی، جس کے دوران 110 کلوگرام گانجہ برآمد ہوا۔ گاڑی کے ڈرائیور نذیر احمد کھٹانہ ساکن گجر بستی شالگام کو/6

## GCET میں آڈیٹوریم اور انکیوبیشن سینٹر قائم کریں گے/ وزیر اعلیٰ

## جموں میں اِنجینئرنگ میں اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر کانفرنس کا اِفتتاح

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گورنمنٹ کالج آف اِنجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (جی سی اِی ٹی) جموں میں گیارہویں نیشنل کانفرنس اینڈ ایگزبشن آن ایمرجنگ اینڈ انوویٹو ٹرینڈز اِن اِنجینئرنگ ٹیکنالوجی (این سی اِی آئی ٹی اِی آئی ٹی) کا اِفتتاح کیا۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ ٹیکنالوجی میں ترقی کو ثقافتی ورثے کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوانوں میں اِختراع پر مبنی ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔ یہ دو روزہ ایونٹ جی سی اِی ٹی جموں کی طرف سے اِنڈین اِنسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی (آئی آئی ٹی) کھڑگپور کے تکنیکی اِشتراک اور ورلڈ کنسورشیم آف یونیورسٹیز کے تعاون سے منعقد کیا ہے۔ اِس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے جی سی اِی ٹی میں نئی تعمیر شدہ سکول آف آرکیٹیکچر (ایس او اے) عمارت کا بھی اِفتتاح کیا جو 19.71 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے اور فیکلٹی وطلباً کے لئے نیک خواہشات کا اِظہار کیا۔ اُنہوں نے فن تعمیر کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے طلبا کو مستقبل بین سوچ/7



## دارالعلوم جامعہ سراج العلوم (شوپیان) غیر قانونی ادارہ قرار

## کشمیر کے ڈویژنل کمشنر کی جانب سے جاری کردہ حکم نامہ

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر انتظامیہ نے جنوبی کشمیر میں واقع 'دارالعلوم جامعہ سراج العلوم' کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون (یو اے پی اے) کے تحت غیر قانونی ادارہ قرار دیا ہے۔ کشمیر کے ڈویژنل کمشنر کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے میں کالعدم 'جماعتِ اسلامی' کے ساتھ ادارے کے مبینہ روابط اور قومی سلامتی کے خلاف سرگرمیوں کا حوالہ دیا گیا ہے۔ یہ کارروائی شوپیاں کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی جانب سے 24 مارچ 2026 کو پیش کردہ ایک رپورٹ کے بعد عمل میں آئی ہے۔ ڈویژنل کمشنر کے حکم نامے کے مطابق ریکارڈ کی جانچ سے معلوم ہوا ہے کہ یہ ادارہ بظاہر ایک دینی تعلیمی ادارے کے طور پر کام کر رہا تھا، لیکن یہ سنگین قانونی، انتظامی اور مالی بے ضابطگیوں میں گھرا ہوا ہے۔ ان بے ضابطگیوں//8

## جامعہ سراج العلوم کے چیرمین کا بیان

## جماعت اسلامی سے کوئی تعلق نہیں

سرینگر/ جے کے این ایس/ انتظامیہ کی جانب سے کئی الزامات کے تحت غیر قانونی قرار دیئے گئے جامعہ سراج العلوم شوپیان کے چیئرمین محمد شفیع لون نے کہا ہے کہ اس ادارے کا جماعت اسلامی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ چیئرمین محمد شفیع لون نے پیر کو میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ سراج العلوم شوپیاں کا کالعدم اور پابندی شدہ تنظیم جماعت اسلامی سے کوئی تعلق نہیں ہے، انہوں نے ڈویژن کشمیر سے اپیل کی کہ/9



